# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:5 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:1 | سبق کا نام: کمپیوٹر اور اُردو | |

**مقاصد:** مرکب جملے بنا سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر/چاک، کٹ ز اُردو جماعت چہارم کی کتاب، ٹوکری

## تحریکی سرگرمی: (10منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- جماعت میں بچوں کے پانچ گروہ بنا دیں اور ہر گروہ کا ایک لیڈر مقرر کریں۔
- ایک ٹوکری میں چند ایسی چیزوں کی تصاویر ڈالیں جن کے متعلق چند جملے بنائے جا سکیں۔
- ہر گروہ سے لیڈر کو بلائیں اور انھیں ٹوکری سے ایک ایک تصویر اٹھانے کے لیے کہیں۔
- اب انھیں ہدایت دیں کہ تصویر کو غور سے دیکھیں اور اس کے متعلق دو دو جملے لکھیں۔
- اس کام کے لیے انھیں مخصوص وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد ہر گروہ سے لیڈر کو بلائیں اور اسے تصویر بورڈ پر چسپاں کر کے اس پر لکھے جملے بولنے کے لیے کہیں۔
- سرگرمی کے اختتام پر بچوں کو شاباش دیں۔

## تدریسی طریقہ کار: (20منٹ)

- اب بورڈ پر ایک سادہ اور ایک مرکب جملہ لکھیں۔
- بچوں سے ان جملوں میں فرق پوچھیں۔
- بچوں کو بتائیں ایسا جملہ جس میں ایک فعل استعمال ہو سادہ جملہ کہلاتا ہے۔
- مرکب جملہ ایسا جملہ ہوتا ہے جو دو یا دو سے زیادہ مفرد جملوں کو کسی حرف کی مدد سے ملا کر بنایا جائے۔
- انھیں بتائیں آج ہم مرکب جملے لکھنے کی مشق کریں گے۔
- سوال نمبر 9 میں دیے گئے الفاظ کی چار پرچیاں بنائیں۔
- بچوں کے چار گروہ بنائیں اور ہر گروہ کو ایک ایک پرچی دے دیں۔
- اب بچوں سے کہیں کہ وہ پرچی پر لکھا لفظ پڑھیں اور باہمی مشاورت سے اس کا استعمال کرتے ہوئے مرکب جملہ بنائیں۔
- مقررہ وقت کے بعد ہر گروہ سے ایک بچے کو بلائیں اور اسے اپنے گروہ کا بنایا مرکب جملہ بورڈ پر لکھنے کی ہدایت دیں۔
- اس طرح یہ سرگرمی باقی گروہوں سے بھی کروائیں۔
- بعد ازاں جس گروہ سے درست مرکب جملے بنے ہوں، اس کو شاباش دیں۔

**اعادہ:** (3منٹ) پڑھائے گئے سبق کا مختصراً اعادہ کروائیں۔

| |
|---|
| **جائزہ:** (5 منٹ) سوال نمبر 9 میں دیے گئے الفاظ سے مرکب جملے بچوں سے کاپیوں پر لکھوائیں۔ |
| **گھر کا کام:** (2 منٹ) پڑھایا گیا سبق دہرائیں۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:5 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:2 | سبق کا نام: کمپیوٹر اور اُردو | |

**مقاصد:** اپنے مشاہدات اور خیالات کو رواں اور مربوط انداز میں لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر/چاک، کٹڈز اُردو جماعت چہارم کی کتاب

## تحریکی سرگرمی: (10منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں سے سبق کمپیوٹر اور اردو کا خاموشی سے مطالعہ کرنے کے لیے کہیں۔
- اب بچوں کو خود ایک بار بلند آواز سے پڑھ کر سنائیں۔
- سنانے سے پہلے بچوں کو کہیں کہ سننے کے دوران اہم نکات کو ذہن میں رکھتے جائیں۔
- اس کے بعد اہم نکات کو ذہن میں رکھتے ہوئے خلاصہ تحریر کریں۔
- انفرادی طور پر ان کا تحریر کردہ خلاصہ چیک کریں۔
- اغلاط کی نشان دہی کریں۔

## تدریسی طریقہ کار:(20منٹ)

- سوال نمبر 10 میں دی گئی سرگرمی کروانے کے لیے بچوں سے پوچھیں۔
- ”آج کے دور میں کمپیوٹر سیکھنا کیوں ضروری ہے؟“
- انھیں بتائیں انسان مخلوقات میں سب سے افضل ہے اس نے اپنی عقل سے کام لے کر حیران کن ایجادات سے پوری دنیا کو سمیٹ کر مختصر کر دیا ہے۔
- کمپیوٹر ایسی ایجاد ہے جس سے کام لے کر گھر بیٹھے تمام مسائل حل کیے جا سکتے ہیں۔
- یہ ہماری زندگی کا اہم حصہ بن چکا ہے۔ اس دور میں تقریباً ہر کام ہی کمپیوٹر پر کیا جاتا ہے اس کے استعمال نے طالب علموں کو تعلیمی میدان میں ترقی سے ہمکنار کیا ہے۔ دفتری نظام سے لے کر بڑے بڑے دفاعی نظام تک کمپیوٹر کے مرہونِ منت ہیں۔ الغرض کمپیوٹر نے ہماری زندگی پر گہرے نقوش ثبت کر دیے ہیں۔
- بچوں کو اوپر دی گئی معلومات بتانے کے بعد بتائیں کہ کسی بھی موضوع پر لکھنے کے لیے اس سے متعلق معلومات اور الفاظ کا ذخیرہ ہونا چاہیے تاکہ جملے لکھتے وقت تسلسل اور ربط کا عنصر قائم رہے۔
- جملے مربوط اور رواں انداز میں ہونے چاہییں۔
- اب بچوں کو ہدایت دیں کہ پوچھے گئے سوال پر اپنے مشاہدے کی بنیاد پر جواب دیں۔
- اس کام کے لیے انھیں وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد انفرادی طور پر بچوں کے لکھے پیراگراف کو چیک کریں۔ اور اغلاط کی نشان دہی کریں۔

**اعادہ:** (3منٹ) پڑھائے گئے سبق کا مختصراً اعادہ کروائیں۔

| |
|---|
| **جائزہ:** (5 منٹ) طلبہ سے کمپیوٹر کے استعمال پر پانچ جملے لکھوائیں۔ |
| **گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں کیا گیا کام دہرائیں۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ: 5 | وقت: 40 | تاریخ: |
| پیریڈ: 3 | سبق کا نام: کمپیوٹر اور اُردو | |

**مقاصد:** جدید ذرائع ابلاغ میں اردو زبان کا استعمال کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر/چاک، کڈز اُردو جماعت چہارم کی کتاب

## تحریکی سرگرمی: (10منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں کو ایک بار سبق "کمپیوٹر اور اردو" کا مطالعہ کرنے کے لیے کہیں۔
- بچوں سے کہیں کہ سبق کے مطالعے کے بعد ان کے ذہنوں میں جو جو اہم نکات آئے ہیں، انھیں اپنے ساتھ والی نشست پر بیٹھے ہوئے ساتھی کو بتائیں۔
- اور اس کے اہم نکات بھی اس سے سنیں۔
- اب جوڑیوں کی صورت میں بچے اہم نکات جماعت کے ساتھیوں کو سنائیں۔
- درست طور پر یہ سرگرمی کرنے والے بچوں کو شاباش دیں۔

## تدریسی طریقہ کار: (20منٹ)

- سوال نمبر 11 کی سرگرمی کے متعلق بچوں کو بتائیں۔
- اب ایک ٹوکری میں مختلف رنگ کے بٹن ڈال دیں۔
- یہ ٹوکری باری باری ہر بچے کے سامنے لے جائیں اور انھیں اس میں سے کوئی سا بھی بٹن اٹھانے کے لیے کہیں۔
- جن بچوں کے پاس ایک جیسے رنگ کے بٹن ہوں، ان کی جوڑیاں بنا دیں۔
- ہر جوڑی کو ایک سادہ شیٹ بھی دے دیں۔ جس پر وہ اہم نکات لکھتے جائیں۔
- بچوں سے کہیں کہ ابھی انھیں اردو میں ایک معلوماتی تحریر پڑھائی جائے گی۔
- انھیں وہ تحریر غور سے پڑھنی ہے۔
- اور پھر مل کر اس پر بات چیت کرنی ہے۔
- اب بچوں کو جدید ذرائع ابلاغ (موبائل فون، ٹیبلیٹ، کمپیوٹر، لیپ ٹاپ وغیرہ) کا استعمال کرتے ہوئے کوئی تحریر پڑھوائیں۔
- اس کے بعد ہر گروہ کو متعلقہ ذرائع سے متعلق آپس میں بات چیت کرنے کے لیے کہیں۔
- اس دوران میں بچوں کی مدد اور رہنمائی کریں۔ بچوں کو مخصوص وقت دیں۔

مقررہ وقت کے بعد کسی ایک گروہ کے بچے کو بلائیں اور اسے اپنے ساتھی کے نوٹ کیے ہوئے نکات کو سنانے کے لیے کہیں۔

- بہترین جملے سنانے والی جوڑی کو شاباش دیں۔

| |
|---|
| **اعادہ:**(3منٹ)پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ |
| **جائزہ:**(5منٹ)بچوں کے دو گروہ بنادیں۔ایک گروہ کو سبق "اکمپیوٹر اور اردو" کے اہم نکات سنانے کے لیے کہیں۔دوسرے گروہ سے سبق کا خلاصہ سنیں۔غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ |
| **گھر کا کام**:(2منٹ)جماعت میں کیا گیا کام دہرائیں۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:5 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:4 | سبق کا نام: آؤ جھنڈیاں لگائیں (دہرائی) | |

**مقاصد:** الفاظ کے معانی اور سوالات کے جوابات لکھ سکیں۔

درست جواب کے گرد دائرہ لگا سکیں۔

غلط درست فقرات کی نشان دہی کر سکیں۔

عبارت پڑھ کر سوالات کے جوابات دیں سکیں۔

فعل امر اور فعل نہی کو جملوں میں استعمال کر سکیں۔

عددی ترتیب کا فرق سمجھ سکیں

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر/چاک، کٹز اُردو جماعت چہارم کی کتاب، ورک شیٹ

## تحریکی سرگرمی: (5منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- جماعت کو دو گروہوں میں تقسیم کریں اور ہر گروہ کو نئے الفاظ میں دیے گئے تمام الفاظ کی ایک ایک پرچی دے دیں۔
- بورڈ پر الفاظ معنی کا کالم بنائیں اور بچوں کی جانب سے دیے گئے الفاظ کے معانی لکھیں۔
- دونوں گروہوں کو باری باری الفاظ کے معانی بتانے کا موقع دیں۔
- اگر کوئی گروہ غلط معانی بتائے تو بھی اس کو بورڈ پر لکھیں اور کانٹ چھانٹ کر کے غلطیوں کی اصلاح کریں۔

## تدریسی طریقہ کار: (8منٹ)

- بچوں کو بتائیں کہ آج وہ اس سبق کے تین سوالوں کی دہرائی کرنے جارہے ہیں تاکہ امتحان کے لیے ان کی تیاری مزید ہو جائے۔
- صفحہ نمبر 21 پر سوال نمبر 1 کی دہرائی کے لیے تمام سوالات بورڈ پر لکھیں اور طلبہ سے جوابات لیں اور ساتھ ساتھ بورڈ پر لکھتے جائیں۔ پھر ان جوابات کی پوری جماعت میں بلند خوانی کروائیں۔
- اسی طرح باقی سوالات کا مختصراً اعادہ کروائیں۔
- دہرائی کے بعد بچوں کو ورک شیٹ دیں اور انھیں ہدایت دیں کہ مقررہ وقت میں ورک شیٹ حل کریں۔
- ورک شیٹ حل کرنے میں ان کی رہ نمائی کریں۔

**اعادہ:** (5منٹ) مقررہ وقت میں ورک شیٹ حل کرنے والے بچوں کی حوصلہ افزائی کریں اور ورک شیٹ بچوں کے سامنے چیک کریں اور غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**جائزہ:** (0منٹ) N/A

**گھر کا کام:** (2منٹ) جماعت میں کیا گیا کام دہرائیں۔

# ورک شیٹ

**20منٹ**

**(الف) دیے گئے الفاظ کے معانی لکھیں۔**

املاک ____________ آباؤاجداد ____________

اہتمام کرنا ____________ تکریم ____________

لازوال ____________ شناخت ____________

**(ب) درج ذیل سوالات کے جوابات لکھیں۔**

احسن کے ابا جان جشن آزادی کیسے مناتے تھے؟

______________________________

پاکستان کے لیے ہماری ذمہ داریاں کیا ہیں؟

______________________________

جشن آزادی کے دن ہمیں کیا عہد کرنا چاہیے؟

______________________________

**(ج) درج ذیل سوالات کے جوابات لکھیں۔**

چھت کو جھنڈیوں کی مدد سے سجانے گیا:

(الف) احمد (ب) احسن (ج) افضل (د) اسد

احسن کے ابا جان نے پانی سے صاف کیں:

(الف) لکڑیاں (ب) جھنڈیاں (ج) کتابیں (د) روٹیاں

جشن آزادی پر خصوصی تقاریب کا اہتمام کیا جاتا ہے:

(الف) گلیوں میں (ب) اسکولوں میں (ج) گھروں میں (د) محلوں میں

ہم جشن آزادی مناتے ہیں:

(الف) ۱۴اگست کو (ب) ۱۵اگست کو (ج) ۱۷اگست کو (د) ۱۳اگست کو

**(د) دیے گئے جملوں میں سے فعل امر اور فعل نہی کے جملے الگ الگ کر کے اپنی کاپی میں لکھیں۔**

خط ڈاک میں ڈال دو۔

مچھلی مت پکڑو۔

گرم گرم کھانا مت کھاؤ۔

ٹھنڈا پانی پیو۔

صبح جلدی اٹھو۔

نماز پڑھو۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:5 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:5 | سبق کا نام: حضرت علی المرتضی رضی اللہ تعالی عنہ کی شجاعت (دہرائی) | |

**مقاصد:** الفاظ کے معانی اور سوالات کے جوابات لکھ سکیں۔

درست جواب کے گرد دائرہ لگا سکیں۔

غلط درست فقرات کی نشان دہی کر سکیں۔

اکتیس تا چالیس تک گنتی اردو ہندسوں اور لفظوں میں لکھ سکیں۔

ضمیر فاعلی پہچان کر اس کا درست استعمال کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر/چاک، کڈز اُردو جماعت چہارم کی کتاب، ورک شیٹ

## تحریکی سرگرمی: (5منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- جماعت کو دو گروہوں میں تقسیم کریں اور ہر گروہ کو تمام الفاظ کی ایک ایک پرچی دے دیں۔
- بورڈ پر الفاظ معنی کا کالم بنائیں اور بچوں کی جانب سے دیے گئے الفاظ کے معانی لکھیں۔
- دونوں گروہوں کو باری باری الفاظ کے معانی بتانے کا موقع دیں۔
- اگر کوئی گروہ غلط معانی بتائے تو بھی اس کو بورڈ پر لکھیں اور کانٹ چھانٹ کر کے غلطیوں کی اصلاح کریں۔

## تدریسی طریقہ کار: (8منٹ)

- بچوں کو بتائیں کہ آج وہ سبق کی دہرائی کرنے جا رہے ہیں۔ تاکہ امتحان کے لیے ان کی تیاری مزید بہتر ہو جائے۔
- تمام سوالات کی دہرائی کروائیں۔
- دہرائی کے بعد بچوں کو ورک شیٹ دیں اور ورک شیٹ حل کرنے کے لیے مقررہ وقت دیں۔

**اعادہ: N/A**

**جائزہ:** (5منٹ) ورک شیٹ کو طلبہ کے سامنے چیک کریں اور غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** (2منٹ) جماعت میں کیا گیا کام دہرائیں۔

## ورک شیٹ

**20منٹ**

(الف) دیے گئے الفاظ کے معانی لکھیں۔

| تکبر | لحد | خندق | سعادت | اطاعت | مجاہد |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | |

(ب) سوالات کے مختصر جواب لکھیں۔

۱۔ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلَّمَ سے کیا رشتہ تھا؟

______________________________

۲۔ مدینہ منورہ ہجرت کے وقت نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلَّمَ نے حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو کیا ہدایت دیں؟

______________________________

۳۔ مرحب کون تھا اور اس نے اپنے بارے میں کیا کہا؟

______________________________

۴۔ مسلمان فوج خیبر کے قلعے میں کیسے داخل ہوئی؟

______________________________

(ج) درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔

۱۔ آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلَّمَ کو اللہ تعالیٰ نے ہجرت کرنے کا حکم دیا:

(الف) مدینہ منورہ کی طرف (ب) ایران کی طرف (ج) روم کی طرف (د) حبشہ کی طرف

۲۔ پہلی اسلامی ریاست کی بنیاد رکھی گئی:

(الف) مکہ مکرمہ میں (ب) مدینہ منورہ میں (ج) طائف میں (د) جدہ میں

۳۔ مدینہ منورہ سے ۱۵۰ کلومیٹر کے فاصلے پر تھا:

(الف) مکہ مکرمہ (ب) طائف (ج) خیبر کا قلعہ (د) جبل احد

۴۔ قلعہ خیبر میں یہودیوں کے سپاہی موجود تھے:

(الف) تقریباً دس ہزار (ب) تقریباً پندرہ ہزار (ج) تقریباً بیس ہزار (د) تقریباً بائیس ہزار

۵۔ قلعے کی دیواروں پر ہر وقت موجود رہتے تھے:

(الف) بچے (ب) بوڑھے (ج) لوگ (د) تیر انداز

۶۔ نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلَّمَ نے خیبر کا قلعہ فتح کرنے کے لیے پرچم عطا فرمایا:

(الف) حضرت ابو بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو (ب) حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو

(الف) حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو (ب) حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو

(د) دیے گئے پیرا گراف میں ضمیر فاعلی کے گرد دائرہ لگائیں۔

اسلم ایک ہونہار بچہ ہے۔ وہ صبح سویرے اٹھ کر سیر کے لیے جاتا ہے۔ وہ وقت پر اسکول وقت پر کھیلتا ہے اور وقت پر سو جاتا ہے وہ اپنے بہن بھائیوں سے پیار محبت سے بات چیت کرتا ہے۔ اس کے اساتذہ اور والدین اس سے بے حد خوش ہیں۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:5 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:6 | سبق کا نام: کمپیوٹر اور اُردو (دہرائی) | |

**مقاصد:** الفاظ کے معانی اور سوالات کے جوابات لکھ سکیں۔
درست جواب کے گرد دائرہ لگا سکیں۔
غلط درست فقرات کی نشان دہی کر سکیں۔
اکتالیس تا پچاس لفظی گنتی لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر/چاک، کٹز اُردو جماعت چہارم کی کتاب، ورک شیٹ

**تحریکی سرگرمی:** (5منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- جماعت کو دو گروہوں میں تقسیم کریں اور ہر گروہ کو تمام الفاظ کی ایک ایک پرچی دے دیں۔
- بورڈ پر الفاظ معنی کا کالم بنائیں اور بچوں کی جانب سے دیے گئے الفاظ کے معانی لکھیں۔
- دونوں گروہوں کو باری باری الفاظ کے معانی بتانے کا موقع دیں۔
- اگر کوئی گروہ غلط معانی بتائے تو بھی اس کو بورڈ پر لکھیں اور کانٹ چھانٹ کر کے غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (8منٹ)

- بچوں کو بتائیں کہ آج وہ سبق کی دہرائی کرنے جا رہے ہیں۔ تاکہ امتحان کے لیے ان کی تیاری مزید بہتر ہو جائے۔
- تمام سوالات کی دہرائی کروائیں۔
- دہرائی کے بعد بچوں کو ورک شیٹ دیں اور ورک شیٹ حل کرنے کے لیے مقررہ وقت دیں۔

**اعادہ:** N/A

**جائزہ:** (5منٹ) ورک شیٹ کو طلبہ کے سامنے چیک کریں اور غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** (2منٹ) جماعت میں کیا گیا کام دہرائیں۔

## ورک شیٹ — 20منٹ

(الف) دیے گئے الفاظ کے معانی لکھیں۔

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| آلہ | | منسلک | |

| | | | |
|---|---|---|---|
| سافٹ ویئر | | تیز ترین | |
| مہارت | | رابطہ | |
| مشق کرنا | | کمال کی چیز | |

(ب) سوالات کے مختصر جواب لکھیں۔

۱۔ کمپیوٹر میں اردو اور انگریزی زبان لکھنے کے لیے کون سے سافٹ ویئر استعمال کیے جاتے ہیں؟

___

۲۔ کمپیوٹر سے ہم کیا کیا کام لے سکتے ہیں؟

___

۳۔ ہارڈ ویئر کسے کہتے ہیں؟

___

(ج) اکتالیس تا پچاس لفظی گنتی لکھیں۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |
| | | | | |